فوری ریلیز کے لیے: 13/9/2024 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کی جانب سے اورنج کاؤنٹی میں خوبصورت قدرتی مناظر سے بھرپور ریاستی روٹ 218 کو دوبارہ کھولنے کا اعلان

جولائی 2023 کے سیلاب سے تباہ کن نقصان کے بعد سڑک کی تعمیر نو کی گئی

اپ گریڈ شدہ پُلیا نے ویسٹ پوائنٹ پر یونائیٹڈ سٹیٹس ملٹری اکیڈمی تک کلیدی رسائی والی سڑک کی لچک میں اضافہ کیا

NYSDOT کی کمشنر Marie Therese Dominguez کی ویڈیو، تصاویر اور آواز کے ٹکڑے یہاں دیکھیں

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ اورنج کاؤنٹی کے ٹاؤن آف ہائی لینڈز میں ریاستی روٹ 218 جولائی 2023 میں آنے والے تباہ کن سیلاب کے بعد سڑک کے تقریباً 300 فٹ چوڑے حصے کے بہہ جانے کے بعد پہلی بار ٹریفک کے لیے دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔ نقل و حرکت کے ریاستی محکمے کی جانب سے شروع کی گئی ایک وسیع تعمیرِ نو کی بدولت، یہ 102 سال پرانی خوبصورت شاہراہ — جسے سٹورم کنگ ہائی وے کے نام سے بھی جانا جاتا ہے — ایک بار پھر ویسٹ پوائنٹ اور ہڈسن ویلی کی دیگر ایسی منازل جیسے کہ سٹارم کنگ پارک اور ٹاؤن آف کارن وال پر آنے جانے والے مسافروں کی خدمت کر رہی ہے۔ نئی تعمیر شدہ سڑک میں اپ گریڈ شدہ نکاسیٔ آب اور طوفان کے پانی کے بہاؤ کو بھی شامل کیا گیا ہے، جو اسے زیادہ لچکدار اور انتہائی موسم کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے قابل بناتا ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، "جولائی 2023 میں ہڈسن ویلی اور ریاست کے دیگر حصوں میں ہونے والی تباہ کن بارشیں ایک واضح یاد دہانی تھی کہ موسمیاتی تبدیلی کے نتیجے میں پہلے ہی زیادہ شدید موسم پیدا ہو رہا ہے اور ہمیں تیار رہنے کی ضرورت ہے۔ خوش قسمتی سے، ہم نیو یارک کے باشندے ہیں اور ایسی کوئی مشکل نہیں ہے جس پر ہم مل جُل کر کام کر کے قابو نہیں پا سکتے۔ ریاست نیو یارک کے محکمۂ نقل و حرکت کی باصلاحیت ٹیموں کی بدولت، ہم نے نا صرف تعمیرِ نو کی ہے، بلکہ اسے مزید بہتر بنایا ہے، اور یہ اہم شاہراہ اب دوبارہ کھلی ہے اور مسافروں کو ہڈسن ویلی کے خزانوں، بشمول پت جھڑ اور یقیناً آرمی فٹ بال، کو دریافت کرنے میں مدد کرنے کے لیے تیار ہے!"

ریاستی روٹ 218 نیو یارک بھر کی ان سڑکوں میں سے ہے جنہیں سنہ 2023 کے جولائی میں ریاست کو متاثر کرنے والے شدید موسمی حالات سے بہت زیادہ نقصان پہنچا تھا۔ اس سال 9 جولائی سے 10 جولائی تک، مڈ-ہڈسن ریجن کے کچھ حصوں میں آٹھ انچ سے زیادہ بارش کی اطلاع ملی، جس کی وجہ سے ریاستی روٹ 218 کا ایک حصہ پہاڑی کنارے سے گر گیا اور سڑک کے 5.5 میل کے طویل حصے کو بند کرنے کی ضرورت پڑی۔

انتہائی نقصان 35,000 ٹن سے زیادہ ری سائیکل شدہ، ہلکے، درمیانے اور بھاری پتھروں کے بھرنے کے ساتھ نچلی ڈھلوان کی مکمل تعمیرِ نو کا متقاضی تھا۔ جب ذیلی بنیاد کے مواد کو ٹرک میں لادا گیا تو، نئے اسفالٹ، گائیڈ ریل اور فرش کے نشانات شامل کیے گئے۔ علاقے کی ڈھلوانی ساخت کی وجہ سے مسلسل مشکلات پیش آئیں، جس سے تمام بھاری سازوسامان کی نقل و حرکت کے لیے محتاط ہم آہنگی کی ضرورت پڑی۔

ریاست نیو یارک میں تیار کردہ ایک بڑی ڈبہ نما پُلیا اور ایک بکتر بند پشتہ جو 500 سالہ موسمی واقعہ کے بہاؤ کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتا ہے بھی لچک کو بہتر بنانے کے لیے نصب کیا گیا تھا۔ نیا ہائیڈرالک نظام سڑک کے نیچے پانی کو آزادانہ طور پر بہنے دیتا ہے۔ ریاست نیو یارک کے محکمۂ نقل و حمل (New York State Department of Transportation, NYSDOT) نے نیو یارک کے دفتر برائے پارکس و تحفظِ تاریخ کے ساتھ بھی مل کر کام کیا تاکہ پُلیا کے نظر آنے والے حصوں پر ایک جمالیاتی پتھر کا علاج نصب کیا جا سکے جو علاقے کی موجودہ خصوصیات سے بہتر طور پر میل کھاتا ہے۔

مزید برآں، اس منصوبے کے مقام کے قریب ریاستی روٹ 218 کے ساتھ وسیع پیمانے پر کام شروع کیا گیا، جس میں نکاسیٔ آب اور پُلیا کی مرمت اور صفائی، کھاڑئی کا کام، ڈھلوان اور کندھے کی مرمت، اور چھوٹے فٹ پاتھ پیچ شامل ہیں۔

نمائندہ Pat Ryan نے کہا، "روٹ 218 کا دوبارہ کھلنا ایک بہت بڑا اور خوش آئند قدم ہے کیونکہ ہم سب گزشتہ سال کے تباہ کن سیلاب سے بحالی کا عمل جاری رکھے ہوئے ہیں۔ مجھے خاص طور پر فخر ہے کہ ہم نے اس موقعے کو ناصرف تعمیرِ نو کرنے بلکہ شاہراہ کو اپ گریڈ کرنے کے لیے استعمال کیا تاکہ یہ موسمیاتی تبدیلیوں کے بڑھتے ہوئے اثرات سے زیادہ لچکدار ہو۔ یہ حکومت کی ہر سطح پر، خاص طور پر ریاست نیو یارک کے محکمۂ نقل و حمل کی ناقابلِ یقین حد تک باصلاحیت اور محنتی ٹیم کی شراکت داری کے بغیر ممکن نہیں تھا"۔

ریاستی محکمۂ نقل و حرکت کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا، "صرف ایک سال سے زائد کے عرصے میں خوبصورت ریاستی روٹ 218 کا دوبارہ کھلنا ریاست نیو یارک کے محکمۂ نقل و حمل کے ملازمین اور ٹھیکیداروں کی شاندار صلاحیتوں اور عزم کا واضح مظاہرہ ہے۔ جہاں موسلا دھار بارشوں اور سیلاب نے سڑک کے ایک بڑے حصے اور آس پاس کے پہاڑی علاقوں کو کھوکھلا کر دیا تھا، وہاں ایک بار پھر، فطرت کی طرف سے ہم پر ڈالی گئی مشکلات سے قطعٔ نظر، ایک شاہراہ کھلی ہے اور ہڈسن ویلی کے مسافروں کو جڑے رہنے اور چلتے پھرتے رکھنے میں مدد کے لیے تیار ہے"۔

ریاستی سینیٹر James Skoufis نے کہا، "روٹ 218 ایک وسیع شاہراہ نہیں ہے، لیکن اس پر مسافروں کی آمد و رفت اس کے حصے سے زیادہ دیکھنے میں آتی ہے، اور یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ تعمیرِ نو کا یہ اہم کام کتنی احتیاط اور تیزی سے کیا گیا ہے۔ میں اس قدرتی راستے کو ایک بار پھر استعمال میں لاتے ہوئے بہت خوش ہوں — ناصرف اس کے مشہور نظاروں کے لیے بلکہ مقامی باشندوں کے لیے اس کی سہولت کے لیے بھی۔ محکمۂ نقل و حمل کے محنتی خواتین و حضرات نیز اس کے ٹھیکیداروں کا بہت شکریہ جنہوں نے تعمیرِ نو کا کام کیا"۔

رکنِ اسمبلی Christopher Eachus نے کہا، "جولائی 2023 کے تاریخی علاقائی سیلاب کے بعد، میں نے ہڈسن ویلی میں محفوظ، مضبوط اور زیادہ لچکدار بنیادی ڈھانچے کے مطالبے کی قیادت کی۔ صاف آسمان کی امید کرنا ہی کافی نہیں ہے — ہمیں اپنی سڑکوں کو اگلی بار سیلاب کے لیے تیار رکھنے کی ضرورت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مجھے ریاستی روٹ 218 کو دوبارہ کھلتے ہوئے دیکھ کر فخر محسوس ہو رہا ہے، جس میں نکاسیٔ آب اور طوفانی پانی کے بہاؤ کے لیے ساختی اضافہ کیا گیا ہے جو اسے مستقبل قریب میں شدید بارشوں سے محفوظ رکھے گا۔ البانی میں، میں ہمیشہ بہتری کے ایسے مستعد، فعال منصوبوں کے لیے لڑوں گا جو ہمیں محفوظ رکھتے ہیں"۔

اورنج کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Steven Neuhaus نے کہا، "میں شکر گزار ہوں کہ گورنر Hochul نے روٹ 218 کو کھول دیا ہے۔ یہ اب تباہ شدہ سڑکوں تک مکمل رسائی کی اجازت دے گا، جس سے رہائشیوں اور اولین امدادی اہلکاروں تک رسائی بہتر ہو گی"۔

محکمۂ آمد و رفت کے متعلق
ریاست نیو یارک کے محکمۂ آمد و رفت کا مقصد اور مشن ایک محفوظ، قابلِ بھروسہ، مساوی اور لچکدار آمدورفت کا نظام فراہم کرنا ہے جو کمیونٹیز کو آپس میں مربوط کرے، معیارِ زندگی کو بہتر بنائے، ماحول کی حفاظت کرے، اور

ریاست نیو یارک کی معاشی بہبود کی کفالت کرے۔ زندگیاں لائن پر ہیں؛ ہائی وے کے محنت کشوں کی خاطر آہستہ ہو جائیں اور آگے بڑھیں!

مزید معلومات کے لیے، ہمیں فیس بُک پر تلاش کریں، X یا انسٹاگرام پر فالو کریں، یا ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ تازہ ترین سفری معلومات کے لیے، 511 پر کال کریں، www.511NY.org کا دورہ کریں، یا مفت 511NY موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں